# Noble Quran القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) (حضرت شاہ عبد القادر) اردو ترجمہ بمعہ عربی

# سورۃ الرّعد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

| | |
|---|---|
| .1 | المر ج<br>الف لام میم را،<br>تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ ۗ<br>یہ آیتیں ہیں کتاب (کتابِ الٰہی) کی۔<br>وَالَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ<br>اور جو کچھ اترا (نازل ہوا) تجھ کو تیرے رب سے، سو تحقیق (عین حق) ہے، لیکن بہت لوگ نہیں مانتے۔ |
| .2 | اللَّهُ الَّذِي رَفَعَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ<br>اللہ وہ ہے، جن نے اونچے بنائے آسمان بن (بغیر) ستون (کے) (جیسا کہ تم) دیکھتے ہو،<br>ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ<br>پھر قائم (جلوہ فرما) ہوا عرش پر، |

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى ۚ

اور کام لگایا (پابند کیا ایک قانون کے) سورج اور چاند۔

ہر ایک چلتا ہے ایک ٹھہری (مقرر کی ہوئی) مدت تک۔

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاءِ رَبِّكُمْ تُوقِنُونَ

(وہی) تدبیر کرتا ہے (ہر) کام کی، کھولتا (کھول کھول کر بیان کرتا) ہے نشانیاں،

شاید تم اپنے رب سے ملنا یقین کرو۔

.3 وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۖ

اور وہی ہے جس نے پھیلائی زمین اور رکھے اس میں بوجھ (پہاڑوں کے لنگر)، اور (جاری کیں) ندیاں۔

وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ

اور ہر میوے کے رکھے اس میں جوڑے دوہرے (قسم قسم کے)،

يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ ۚ

ڈھانکتا ہے دن پر رات۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

اس میں نشانیاں ہیں ان کو جو دھیان (غور و فکر) کرتے ہیں۔

.4 وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُتَجَاوِرَاتٌ وَجَنَّاتٌ مِنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ

اور زمین میں کئی کھیت (خطے) ہیں ملے ہوئے، اور باغ ہیں انگور کے، اور کھیتی، اور کھجوریں جڑ ملی،

يُسْقَىٰ بِمَاءٍ وَاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۚ

پاتے (جو سیراب ہوتے) ہیں ایک پانی (سے) ۔

اور ہم زیادہ کرتے (فضیلت دیتے) ہیں ایک کو ایک سے میوے (ذائقے) میں۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ

اس میں نشانیاں ہیں اُن کو جو بوجھتے (عقل سے کام لیتے) ہیں۔

.5 وَإِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَإِذَا كُنَّا تُرَابًا أَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۗ

اور اگر تُو اچنبھے کی بات چاہے، تو اچنبھا ہے اُن کا کہنا،

(کہ) کیا جب ہو گئے ہم مٹی (تو) کیا ہم نئے بنیں (از سرِ نو پیدا کئے جائیں) گے ؟

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ

وہی (لوگ) ہیں جو منکر ہوئے اپنے رب سے۔

وَأُولَٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ ۖ

اور وہی (لوگ) ہیں کہ طوق ہیں اُن کی گردنوں میں۔

وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

اور وہ (لوگ) ہیں دوزخ والے، وہ اس میں رہا کریں گے۔

.6 وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلَاتُ ۗ

اور شتاب (جلدی) چاہتے ہیں تجھ سے برائی، آگے (پہلے) بھلائی سے،

اور ہو چکی ہیں اُن سے پہلے کہاوتیں (عذاب کی مثالیں) ۔

| | |
|---|---|
| وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلَىٰ ظُلْمِهِمْ ۖ<br>اور تیرا رب معاف بھی کرتا ہے لوگوں کو اُن کی گنہگاری پر۔<br>وَإِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ<br>اور (یقیناً) تیرے رب کی مار (بھی) سخت ہے۔ | |
| وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ<br>اور کہتے ہیں منکر، کیوں نہ اُتری اس پر کوئی نشانی اس کے رب سے؟<br>إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ ۖ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ<br>تُو تو ڈر سنانے والا ہے، اور ہر قوم کو ہوا ہے راہ بتانے والا۔ | .7 |
| اللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَىٰ وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۖ<br>اللہ جانتا ہے جو پیٹ میں ہے رکھتی ہر مادہ، اور جو سکڑتے ہیں پیٹ، اور بڑھتے ہیں۔<br>وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُ بِمِقْدَارٍ<br>اور ہر چیز کو ہے اس پاس گنتی۔ | .8 |
| عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ<br>جاننے والا چھپے اور کھلے (ظاہر) کا، سب سے بڑا اُوپر۔ | .9 |
| سَوَاءٌ مِّنكُم مَّنْ أَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَن جَهَرَ بِهِ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ<br>برابر ہے (اس کے لئے) تم میں جو چپکے بات کہے اور جو کہے پکار کر،<br>اور (وہ بھی) جو چھپ رہا ہے رات میں اور گلیوں (چلتا) پھرتا ہے دن کو۔ | .10 |

| | |
|---|---|
| لَهُ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۗ<br>اس کو پھیری والے (نگران) ہیں، بندے کے آگے سے اور پیچھے سے،<br>اس کو بچاتے (اسکی دیکھ بھال کرتے) ہیں اللہ کے حکم سے۔<br>إِنَّ اللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُوا مَا بِأَنْفُسِهِمْ ۗ<br>اللہ نہیں بدلتا، جو ہے کسی قوم کو، جب تک وہ نہ بدلیں جو اپنے بیچ ہے،<br>وَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ بِقَوْمٍ سُوءًا فَلَا مَرَدَّ لَهُ ۚ<br>اور جب چاہے اللہ کسی قوم پر بُرائی، پھر وہ نہیں پھرتی۔<br>وَمَا لَهُمْ مِنْ دُونِهِ مِنْ وَالٍ<br>کوئی نہیں ان کو اُس بن (کے بغیر) مددگار۔ | .11 |
| هُوَ الَّذِي يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ<br>وہی ہے تم کو دکھاتا ہے بجلی ڈر کو اور امید کو، اور اٹھاتا ہے بدلیاں (بادل) بھاری۔ | .12 |
| وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ<br>اور پڑھتی (تسبیح کرتی) ہے گرج (رعد) خوبیاں اسکی اور سب فرشتے (بھی تسبیح کرتے ہیں) اسکے ڈر سے۔<br>وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ<br>اور (وہی) بھیجتا ہے کڑاکے (بجلیاں)، پھر ڈالتا ہے جس پر چاہے، | .13 |

| | |
|---|---|
| وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ<br>اور (جس وقت) یہ لوگ جھگڑتے ہیں اللہ کی بات میں، اور اس کی آن (طاقت) سخت ہے۔ | |
| لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۖ<br>اسی کو پکارنا سچ ہے۔<br>وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَسْتَجِيبُونَ لَهُمْ بِشَيْءٍ<br>اور جن کو پکارتے ہیں اسکے سوا، نہیں پہنچتے اُن کے کام پر کچھ،<br>إِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهِ ۚ<br>مگر جیسے کوئی پھیلا رہا دو ہاتھ طرف پانی کے، کہ آ پہنچے اس کے منہ تک، اور وہ کبھی نہ پہنچے گا۔<br>وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِينَ إِلَّا فِي ضَلَالٍ<br>اور جتنی پکار ہے منکروں کی سب بھٹکتی (بیکار) ہے۔ | .14 |
| وَلِلَّهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا<br>اور اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو کوئی ہے آسمان و زمین میں، خوشی سے اور زور سے،<br>وَظِلَالُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۩<br>اور اُن کی پرچھائیاں (بھی سجدہ کرتی ہیں) صبح اور شام۔ (سجدہ) | .15 |
| قُلْ مَنْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ<br>پوچھ، کون ہے رب آسمان و زمین کا؟ | .16 |

قُلِ اللَّهُ ۚ

کہہ، اللہ۔

قُلْ أَفَاتَّخَذْتُمْ مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُونَ لِأَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا ۚ

کہہ، پھر تم نے پکڑے ہیں اسکے سوا حمایتی جو مالک نہیں اپنے بھلے بُرے کے؟

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ

کہہ، کوئی برابر ہوتا ہے اندھا اور دیکھتا؟

أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ ۗ

یا کہیں برابر ہے اندھیرا اور اجالا؟

أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۚ

یا ٹھہرائے ہیں انہوں نے اللہ کے شریک، کہ انہوں نے کچھ بنایا ہے جیسے بنایا اللہ نے،

پھر مل (متشبہ ہو) گئی پیدائش ان کی نظر میں۔

قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

کہہ، اللہ ہے بنانے والا ہر چیز کا، اور وہی ہے اکیلا زبردست۔

أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا .17

اتارا (برسایا) آسمان سے پانی، پھر بھرے (بہہ نکلے) نالے اپنے اپنے (ظرف کے) موافق،

فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَابِيًا ۚ

پھر اوپر لایا وہ نالا (سیلاب) جھاگ پھولا ہوا۔

وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِثْلُهُ ۚ

اور جس چیز (دھات) کو دھونکتے (پگھلاتے) ہیں آگ میں واسطے زیور کے یا اسباب کے،

اس میں بھی جھاگ ہے ویسا ہی۔

كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ

یوں ٹھہراتا (بیان کرتا) ہے اللہ صحیح اور غلط۔

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ

سو وہ جو جھاگ ہے سو (زائل ہو) جاتا ہے سوکھ کر۔

اور وہ جو کام آتا ہے لوگوں کے، سو (باقی) رہتا ہے زمین میں۔

كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ

یوں بتاتا ہے اللہ کہاوتیں (مثالیں)۔

.18 لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَىٰ ۚ

جنہوں نے مانا ہے اپنے رب کا حکم، ان کو بھلائی ہے،

وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ ۚ

اور جنہوں نے اسکا حکم نہ مانا، اگر ان پاس ہو جتنا کچھ زمین میں ہے سارا،

اور اسکے برابر (اور بھی) ساتھ اسکے، سب (دے) دیں اپنی چھڑوائی (نجات) میں۔

أُولَٰئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمِهَادُ

ان لوگوں کو ہے بُرا حساب۔ اور ٹھکانا ان کا دوزخ ہے۔ اور بُری ہے تیاری۔

| | |
|---|---|
| أَفَمَنْ يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ ۚ<br>بھلاجو شخص جانتاہے کہ جو کچھ اترا تجھ کو تیرے رب سے، تحقیق (حق) ہے، برابر ہو گا اسکے جو اندھا ہے؟<br>إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ<br>وہی سمجھتے ہیں جن کو عقل ہے۔ | .19 |
| الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ الْمِيثَاقَ<br>وہ جو پُورا کرتے ہیں اقرار اللہ کا اور نہیں توڑتے اقرار۔ | .20 |
| وَالَّذِينَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ<br>اور وہ کہ (جو) جوڑتے (رشتے ملاتے) ہیں جو اللہ نے فرمایا جوڑنا (ملانا)،<br>وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الْحِسَابِ<br>اور ڈرتے ہیں اپنے رب سے، اور اندیشہ رکھتے ہیں بُرے (سخت) حساب کا۔ | .21 |
| وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً<br>اور وہ جو ثابت (قدم) رہے، چاہتے توجہ (رضامندی) اپنے رب کی،<br>اور کھڑی (قائم) رکھی نماز، اور خرچ کیا ہمارے دیئے میں سے چھپے اور کھلے (علانیہ)،<br>وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ<br>اور کرتے ہیں بُرائی کے مقابل بھلائی، ان لوگوں کو ہے پچھلا (آخرت کا) گھر۔ | .22 |

.23 جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ ۖ

باغ میں رہنے کے، داخل ہوں گے ان میں اور وہ جو نیک ہوئے اُن کے باپ دادوں میں،

اور جوروؤں میں، اور اولاد میں،

وَالْمَلَائِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ

اور فرشتے آتے ہیں ان پاس ہر دروازے سے۔

.24 سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ۚ

کہتے ہیں، سلامتی تم پر بدلے اسکے کہ تم ثابت (قدم) رہے،

فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ

سو خوب ملا پچھلا (آخرت کا) گھر۔

.25 وَالَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ

اور جو لوگ توڑتے ہیں اقرار اللہ کا، اس کو پکا کر کر (پختہ کرنے کے بعد)،

وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ۙ

اور کاٹتے (قطع کرتے) ہیں جو چیز کہا اللہ نے اسکو جوڑنا (ملانا)، اور فساد اٹھاتے ہیں ملک (زمین) میں۔

أُولَئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ

ایسے لوگ، اُن کو ہے لعنت، اور ان کو ہے بُرا گھر۔

| | |
|---|---|
| اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ<br>اللہ کشادہ کرتا ہے روزی جس کو چاہے اور تنگ۔<br>وَفَرِحُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مَتَاعٌ<br>اور وہ ریجھے ہیں دنیا کی زندگی پر، اور دنیا کی زندگی کچھ نہیں آخرت کے حساب میں مگر تھوڑا برتنا۔ | .26 |
| وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ ۗ<br>اور کہتے ہیں منکر کیوں نہ اتری اس پر کوئی نشانی اسکے رب سے۔<br>قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ<br>کہہ، اللہ بچلاتا (گمراہ کرتا) ہے جس کو چاہے اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اس کو جو رجوع ہوا۔ | .27 |
| الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ ۗ<br>وہ یقین لائے اور چین پکڑتے ہیں اُنکے دل اللہ کی یاد سے۔<br>أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ<br>سنتا ہے! اللہ کی یاد ہی سے چین پاتے ہیں دل۔ | .28 |
| الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ<br>جو یقین لائے اور کی نیکیاں، خوبی (خوش نصیبی) ہے ان کو، اور اچھا ٹھکانا۔ | .29 |

30. كَذَٰلِكَ أَرْسَلْنَاكَ فِي أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا أُمَمٌ

اسی طرح تجھ کو بھیجا ہم نے (رسول بنا کر) ایک اُمت میں کہ ہو (گزر) چکی ہیں اس سے پہلے اُمتیں،

لِتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمَٰنِ ۚ

تا (کہ) سنا دے تُو ان کو جو حکم بھیجا ہم نے تیری طرف، اور وہ منکر ہوتے ہیں رحمٰن سے۔

قُلْ هُوَ رَبِّي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ

تُو کہہ، وہی رب میرا ہے، کسی کی بندگی نہیں اسکے سوا،

اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف آتا ہوں چھوٹ کر۔

31. وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ ۗ

اور اگر کوئی قرآن ہوا ہوتا کہ چلے اس (کی تاثیر) سے پہاڑ، یا ٹکڑے ہو اس (کے زور) سے زمین،

یا بولے اس (کے اثر) سے مُردے (تب بھی ایمان نہ لاتے)۔

بَلْ لِلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا ۗ

بلکہ اللہ کے ہاتھ میں سب کام (اختیار سارا)۔

أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا أَنْ لَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا ۗ

سو کیا خاطر جمع (اطمینان) نہیں ایمان والوں کو اس پر کہ اگر چاہے اللہ راہ پر لائے سب لوگ۔

وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُمْ بِمَا صَنَعُوا قَارِعَةٌ

اور پہنچتا رہے گا منکروں کو، اُن کے کئے پر کھڑکا (آفت)،

أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِنْ دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ وَعْدُ اللَّهِ ۚ

یا اُترے (نازل ہو) گا نزدیک اُن کے گھر سے، جب تک پہنچے وعدہ اللہ کا۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ

بیشک اللہ خلاف نہیں کرتا وعدہ۔

.32 وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ

اور ٹھٹھا (مذاق) کر چکے ہیں کتنے رسولوں سے تجھ سے آگے (پہلے)،

سو ڈھیل دی میں نے منکروں کو، پھر اسکو پکڑا،

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ

تو (دیکھ لو) کیسا تھا میرا بدلا (عذاب)۔

.33 أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۗ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ

بھلا جو شخص (ذات) لئے کھڑا ہے ہر کسی کے سر پر اس کا کیا (کسب)۔اور ٹھہرائے ہیں اللہ کے شریک۔

قُلْ سَمُّوهُمْ ۚ

کہہ، اُن کا نام لو۔

أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ أَمْ بِظَاهِرٍ مِنَ الْقَوْلِ ۗ

یا اللہ کو جتاتے ہو جو وہ نہیں جانتا زمین میں یا کرتے ہو اُوپر اُوپر باتیں؟

بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ ۚ

کوئی نہیں! پر بھلے سوجھائے (خوشنما بنائے) ہیں منکروں کو اُن کے فریب اور روکے گئے ہیں راہ سے۔

وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ

اور جس کو بچلائے (گمراہ کرے) اللہ سو کوئی نہیں اس کو (راہ) بتانے والا۔

.34 لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَقُّ ۖ

اُن کو مار پڑنی ہے دنیا کی زندگی میں، اور آخرت کی مار تو بہت سخت ہے۔

وَمَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ وَاقٍ

اور کوئی نہیں ان کو اللہ سے بچانے والا۔

.35 مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ

احوال جنت کا، جو کہ وعدہ ملا ہے ڈر والوں کو۔

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ

بہتی ہیں اس کے نیچے نہریں۔

أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا ۚ

میوہ اس کا ہمیشہ ہے اور سایہ (لازوال) ۔

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوْا ۖ وَعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ

یہ بدلہ رہے ان کا جو بچتے رہے (متقی)۔ اور بدلہ منکروں کا آگ ہے۔

| | |
|---|---|
| وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ ۖ<br>اور جن کو ہم نے دی ہے کتاب، خوش ہوتے ہیں اس سے جو اترا (نازل ہوا) تیری طرف،<br>وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَنْ يُنْكِرُ بَعْضَهُ ۚ<br>اور بعضے فرقے نہیں مانتے اسکی بعضی بات۔<br>قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا أُشْرِكَ بِهِ ۚ<br>کہہ، مجھ کو یہی حکم ہوا، کہ بندگی کروں اللہ کی اور شریک نہ کروں اسکے ساتھ،<br>إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ<br>اسی طرف بلاتا ہوں، اور اسی کی طرف میرا ٹھکانا۔ | .36 |
| وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۚ<br>اور اسی طرح اُتارا ہم نے یہ کلام، حکم عربی زبان میں۔<br>وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَمَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ<br>اور اگر تُو چلے اُن کے شوق پر، بعد اس علم کے جو تجھ کو پہنچا، کوئی نہیں تیرا اللہ سے حمایتی اور بچانے والا۔ | .37 |
| وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً ۚ<br>اور بھیجے ہیں ہم نے کتنے رسول تجھ سے آگے (پہلے)، اور دی تھیں ان کو جوروئیں (بیویاں) اور لڑکے۔<br>وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ<br>اور نہ تھا کسی رسول کو کہ لے آئے کوئی نشانی مگر اللہ کے اذن (حکم) سے۔ ہر وعدہ ہے لکھا ہوا۔ | .38 |

| | |
|---|---|
| يَمۡحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثۡبِتُ ۖ وَعِنۡدَهُ أُمُّ الۡكِتَابِ<br>مٹاتا ہے اللہ جو چاہے اور رکھتا ہے۔ اور اسی پاس ہے اصل کتاب۔ | .39 |
| وَإِنۡ مَا نُرِيَنَّكَ بَعۡضَ الَّذِي نَعِدُهُمۡ أَوۡ نَتَوَفَّيَنَّكَ<br>اور یا کبھی دکھادیں ہم تجھ کو کوئی وعدہ، جو دیتے ہیں ان کو، یا تجھ کو بھر (اٹھا) لیں،<br>فَإِنَّمَا عَلَيۡكَ الۡبَلَاغُ وَعَلَيۡنَا الۡحِسَابُ<br>سو تیرا ذمہ تو پہنچانا ہے اور ہمارا ذمہ حساب لینا۔ | .40 |
| أَوَلَمۡ يَرَوۡا أَنَّا نَأۡتِي الۡأَرۡضَ نَنۡقُصُهَا مِنۡ أَطۡرَافِهَا ۚ<br>کیا نہیں دیکھتے کہ ہم چلے آتے ہیں زمین پر گھٹاتے اس کو کناروں سے۔<br>وَاللَّهُ يَحۡكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكۡمِهِ ۚ<br>اور اللہ حکم کرتا ہے، کوئی نہیں کہ پیچھے ڈالے اُس کا حکم۔<br>وَهُوَ سَرِيعُ الۡحِسَابِ<br>اور شتاب (جلد) لیتا ہے حساب۔ | .41 |
| وَقَدۡ مَكَرَ الَّذِينَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلِلَّهِ الۡمَكۡرُ جَمِيعًا ۖ<br>اور فریب کر چکے ہیں اُن سے اگلے (پہلے)، سو اللہ کے ہاتھ ہیں سب فریب۔<br>يَعۡلَمُ مَا تَكۡسِبُ كُلُّ نَفۡسٍ ۗ<br>جانتا ہے جو کماتا ہے ہر جی۔ | .42 |

وَسَيَعۡلَمُ الۡكُفّٰرُ لِمَنۡ عُقۡبَى الدَّارِ

اور اب معلوم کریں گے منکر، کس کا ہوتا ہے پچھلا (آخرت کا) گھر۔

.43 وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَسۡتَ مُرۡسَلًا ؕ

اور کہتے ہیں منکر، تُو بھیجا نہیں آیا (ہوا اللہ کا)۔

قُلۡ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًاۢ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنَكُمۡ ۙ وَمَنۡ عِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡكِتٰبِ

کہہ، اللہ بس ہے گواہ میرے تمہارے بیچ، اور (وہ شخص) جس کو خبر ہے کتاب کی۔

*********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com